# ۵۔ زمانہ کی پہچان

زمانہ کے تین حصّے ہیں۔ جو گزر گیا وہ ماضی، جو جاری ہے وہ حال اور جو آنے والا ہے وہ مستقبل۔ آج پیر ہے۔ لفظ 'آج' زمانۂ حال بتاتا ہے۔ کل میری سالگرہ ہے۔ لفظ 'کل' سے مستقبل کا پتہ چلتا ہے۔ کل (گزشتہ روز) دادی نے مجھے ایک کہانی سنائی تھی۔ اس جملے میں لفظ 'کل' ماضی کے لیے آیا ہے۔ زمانہ کو سمجھنے کے لیے کیلنڈر اور اسکول ٹائم ٹیبل وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔




کیلنڈر

## بتاؤ تو بھلا!

- کیلنڈر کا استعمال ہم کن کاموں کے لیے کرتے ہیں؟
- کیلنڈر کا صفحہ تم کب تبدیل کرتے ہو؟
- کیلنڈر کے ہندسے کیا بتاتے ہیں؟

## کیا تمھیں معلوم ہے؟



مورتی



سکّے



مٹّی کے برتن کے ٹکڑے

تاریخ پڑھتے وقت زمانہ کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ کسی جگہ عمارت کی بنیاد کے لیے کُھدائی کرتے وقت پرانے سکّے، مورتیاں اور مٹّی کے برتنوں کے ٹکڑے وغیرہ چیزیں ملتی ہیں۔ یہ چیزیں کس زمانے کی ہیں اس کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ چیزیں کس زمانے کی ہیں۔

## آؤ دماغ پر زور دیں!


آج کا اخبار کل پرانا ہو جاتا ہے لیکن کوئی بات یاد نہ آئے تو ہم پرانا اخبار نکال کر جو معلومات ہمیں چاہیے حاصل کرتے ہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ آج کا اخبار کل تاریخ بتانے کا ایک اہم ذریعہ بن جائے گا۔



## بتاؤ تو بھلا!

’زمانہ‘ کا حساب لگانے کے لیے کن ذرائع کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

زمانہ کو سمجھنے کے لیے ہم نے اسے سیکنڈ، منٹ، گھنٹہ، دن، رات، ہفتہ، عشرہ، مہینہ اور سال میں تقسیم کر رکھا ہے۔ اس طرح ہم وقت کا حساب رکھ سکتے ہیں۔ آب گھڑی، گھڑی اور کیلنڈر وقت کو ناپنے کے پیمانے ہیں۔



آب گھڑی



ریت گھڑی




کیلنڈر



## کیا تمھیں معلوم ہے؟

چودھویں صدی میں یورپ میں ریت گھڑی کا استعمال کیا جاتا تھا۔ اس میں ایک لکڑی کے چوکون میں شیشے کے دو پیالے ایک دوسرے سے جڑے ہوتے تھے۔ ریت ایک پیالے سے دوسرے پیالے میں جا سکے ایسے سوراخ ہوتے تھے۔ ایک پیالے میں باریک سوکھی ریت (بالو) ڈال کر اس پیالے کے سوراخ سے پوری ریت ایک گھنٹہ میں دوسرے پیالے میں گر جائے، اس کا انتظام کیا جاتا تھا۔ پوری ریت نیچے کے پیالے میں گرتے ہی اسے فوراً اُلٹ کر رکھ دیا جاتا تھا۔ اس طرح ایک گھنٹہ گِنا جاتا تھا۔ ایسی ریت گھڑیاں بھارت میں بھی استعمال کی جاتی تھیں۔



## آؤ یہ کر کے دیکھیں!

ماضی اور مستقبل کی اپنی تصویریں نیچے دیے ہوئے چوکون میں چپکاؤ اور بیس سال بعد آپ کیسے نظر آئیں گے یہ تصور کر کے تصویر بناؤ۔

| ماضی | حال | مستقبل |
|---|---|---|
| میں بچپن میں ایسا تھا۔ | اب میں ایسا ہوں۔ | بیس سال بعد میں ایسا ہو جاؤں گا۔ خیالی تصویر |



## بتاؤ تو بھلا!

- ہم زمانہ کو الگ الگ طریقہ سے کیوں تقسیم کرتے ہیں؟

اپنے کاموں کی سہولت کے لیے ہم الگ الگ طریقہ سے زمانہ کی تقسیم کرتے ہیں۔ مثلاً ابھی، تھوڑی دیر پہلے، تھوڑی دیر بعد یا آج، کل، پرسوں جیسے الفاظ کا استعمال کرتے وقت ہم دل ہی دل میں زمانہ کا حساب لگاتے ہیں۔



## ہم نے کیا سیکھا؟

* اپنے کاموں کی سہولت کے لیے ہم زمانہ کو تقسیم کرتے ہیں۔ ابھی، تھوڑی دیر پہلے یا بعد جیسے الفاظ کا استعمال کر کے ہم زمانہ کا حساب لگاتے ہیں۔
* زمانہ کو سمجھنے کے لیے گھڑی، کیلنڈر، اسکول ٹائم ٹیبل وغیرہ ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔
* زمانہ کی تقسیم کے وقت ہم سیکنڈ، منٹ، گھنٹہ، دن، رات، ہفتہ، عشرہ، مہینہ، سال جیسے حصّے استعمال کرتے ہیں۔
* پرانی چیزیں یا عمارتیں، سکّے، مٹّی کے برتن کے ٹکڑے یا اطراف میں پائی جانے والی تاریخی چیزوں کے ذریعے زمانہ کا پتہ چلتا ہے۔ گاؤں/ ماحول کی تاریخ سمجھنے میں اس سے مدد ملتی ہے۔



## مشق

### (۱) ایک جملے میں جواب لکھو:

(۱) زمانہ کا حساب لگانے کے ذرائع کون سے ہیں؟

(۲) زمانہ کو سمجھنے کے لیے ہم اسے کس طرح تقسیم کرتے ہیں؟

### (۲) مناسب جوڑیاں لگاؤ:

| گروہ 'الف' | | گروہ 'ب' |
| --- | --- | --- |
| (الف) جو گزر گیا وہ | (۱) | حال |
| (ب) جو جاری ہے وہ | (۲) | ماضی |
| (ج) جو آنے والا ہے وہ | (۳) | زمانہ |
| | (۴) | مستقبل |

### سرگرمی

اپنے گھر کے تمام لوگوں کی سالگرہ جن انگریزی مہینوں میں آتی ہیں انھیں ترتیب سے لکھو۔

JGK3VY

***